منروا مووی ٹون کا تیار کردہ

میوزک غلام محمد

مرزا غالب

ہدایت : سہراب مودی

ادا کاران
ثریا، بھارت بھوشن، اُلہاس، نگار سلطانہ
درگا کھوٹے، مراد، مکری وغیرہ

قیمت ۱

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

خلاصہ کہانی

داغِ فراقِ صحبتِ شب کی جلی ہوئی
اک شمع رہ گئی ہے سو وہ بھی خموش ہے

۱۸۴۷ء ۔ ہندوستان کے مایہ ناز شاعر مرزا اسد اللہ خاں غالب کو آگرہ سے دہلی آئے آٹھ سال ہو چکے تھے ۔ مگر ابھی تک انکے کاروبار کی کشتی کنارے نہیں لگی تھی ـــــ انکے خسر نواب الٰہی بخش کی خواہش تھی کہ نوشہ مرزا غالب کسی طور بہادر شاہ ظفر شہنشاہ ہندوستان کے دربار میں رسائی پائیں ۔ چنانچہ ان کے اصرار پر اور رہیتی امراؤ بیگم کی دعاؤں کے صدقے میں مرزا شاہی مشاعرے میں پہنچے ۔ لیکن ان کا رنگ نہ جم سکا ۔ آگے پردہ پر دیکھیں ۔

مرزا غالب کے گانے

نمبر ۱ :

نکتہ چیں ہے غمِ دل اس کو سنائے نہ بنے
کیا بنے بات جہاں بات بنائے نہ بنے
غیر پھرتا ہے لئے یوں ترے خط کو کہ اگر
کوئی پوچھے کہ یہ کیا ہے تو چھپائے نہ بنے
میں بلاتا تو ہوں اسکو مگر اے جذبۂ دل
اس پہ بن جائے کچھ ایسی کہ بن آئے نہ بنے
عشق پر زور نہیں ۔ ہے یہ وہ آتش غالب
کہ لگائے نہ لگے اور بجھائے نہ بنے

ثریا

نمبر ۲ :۔ ہے بسکہ ہر اک ان کے اشارے میں نشاں اور
کرتے ہیں محبت تو گذرتا ہے گماں اور
یارب وہ نہ سمجھے ہیں ۔ نہ سمجھیں گے میری بات
دے اور دل ان کو جو نہ دے مجھکو زباں اور

تم شہر میں ہو تو ہمیں کیا غم جب اٹھیں گے
لے آئیں گے بازار سے جاکر دل و جاں اور
ہیں اور بھی دنیا میں سخنور بہت اچھے
کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے انداز بیاں اور

نمبر :۔ چل پی کے نگر اب کاہے کا ڈر۔ مورے بانکے بلم کوتوال
اپنے پیا کی میں کوتوالنی۔ ماروں نجریا دل ہووے چھلنی
مہندی سے ہتھیلی ہے لال .... مورے بانکے ....
بن کے دلہنیاں میں اتراؤں۔ اب نہ کسی سے آنکھ ملاؤں
موہے دیکھے یہ کس کی مجال .... مورے بانکے ....
گھر میں بلم کے راج کروں گی۔ ساس نند سے میں نہ ڈروں گی
دیورا کو میں دوں گی نکال .... مورے بانکے ....

نمبر :۔ پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا۔ دل جگر تشنۂ فریاد آیا طلعت
دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز۔ پھر ترا وقت سفر یاد آیا
زندگی یوں بھی گزر ہی جاتی۔ کیوں ترا راہگزر یاد آیا
پھر ترے کوچہ کو جاتا ہے خیال۔ دل گم گشتہ مگر یاد آیا

نمبر :۔ عشق مجھ کو نہیں وحشت ہی سہی۔ میری وحشت تیری شہرت ہی سہی طلعت
قطع کیجے نہ تعلق ہم سے۔ کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی
میرے ہونے میں ہے کیا رسوائی۔ اے وہ مجلس نہیں خلوت ہی سہی
ہم بھی دشمن تو نہیں ہیں اپنے۔ غیر کو تجھ سے محبت ہی سہی
ہم کوئی ترک وفا کرتے ہیں۔ نہ سہی عشق مصیبت ہی سہی
ہم بھی تسلیم کی خو ڈالیں گے۔ بے نیازی تیری عادت ہی سہی
یار سے چھیڑ چلی جائے اسدؔ۔ گر نہیں وصل تو حسرت ہی سہی

طلعت اور ثریا

دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے ۔ آخر اس درد کی دوا کیا ہے
ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار ۔ یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے
میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں ۔ کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے
ہم کو ان سے وفا کی ہے امید ۔ جو نہیں جانتے وفا کیا ہے
جان تم پر نثار کرتا ہوں ۔ میں نہیں جانتا دعا کیا ہے

گانا نمبر ۱ ۔ گنگا کی ریتی پہ بنگلہ چھوائی دے
سیاں تیری خیر ہو جی بلما تیری خیر ہو
کھڑکی کی اور کوئی بگیا لگائی دے
پھولوں کی سیر ہو جی بلما تیری خیر ہو
نینوں سے نین ملیں باتیں ہوں پیار کی
پائل کے ساتھ بجے بنسی بہار کی
ایک تو ہو ایک میں ہوں ۔ کوئی نہ غیر ہو
سیاں تیری خیر ......

ثریا

گانا نمبر ۔ آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہونے تک
کون جیتا ہے تیری زلف کے سر ہونے تک
عاشقی صبر طلب اور تمنا بیتاب
دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہونے تک
ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک
غمِ ہستی کا اسد کس سے ہو جز مرگ علاج
شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہونے تک

نمبر ۹

سبھی سرکار ہے تیری غریبوں کا تو داتا ہے
تیرے در پہ جو آتا ہے۔ وہ لیکر ہی جاتا ہے
جو تو چاہے تو گھر اُجڑا ہوا آباد ہو جائے
کوئی مجبور غم کی قید سے آزاد ہو جائے
سجدے میں ہے سر۔ مجھ پر ہے نظر۔ شکوے بھی زباں تک آ پہنچے
او دُنیا کے مالک دیکھ ذرا۔ دیوانے یہاں تک آ پہنچے
بھٹکتی پھر رہی تھیں آرزوئیں غم کی راہوں میں
یکایک تیری صورت پھر گئی میری نگاہوں میں
دُعاؤں کو وہاں لایا جہاں تاثیر بنتی ہے
سُنا ہے یہ تیرے دربار میں تقدیر بنتی ہے
جلتا ہے بدن پھُنکتا ہے جگر۔ کر اب تو کرم نے اب تو خبر
چلمن سے نکل کر دیکھ ذرا۔ پروانے کہاں تک آ پہنچے
کہاں جائیں تیری محفل سے اُٹھکر تیرے متوالے
ہماری لاج رکھ لے اب تو اے دُنیا کے رکھوالے
نگاہیں پھیر لیں سب نے لٹے ہیں آس کے گھر بار
سُنے گا کون اپنی داستانِ غم سوا تیرے
آئے ہیں کسی اُمید پہ ہم۔ جب تو ہے ہمارا پھر کیا غم
وہ بات بھلا کیا بگڑے گی۔ جو بات یہاں تک آ پہنچے

نمبر ۱

ترانہ

رہیئے اب ایسی جگہ چل کر جہاں کوئی نہ ہو
ہم سخن کوئی نہ ہو اور ہم زباں کوئی نہ ہو
بے در و دیوار سا اک گھر بنایا چاہیئے

کوئی ہمسایہ نہ ہو اور پاسباں کوئی نہ ہو
پڑیئے گر بیمار تو کوئی نہ ہو تیمار دار
اور اگر مر جایئے تو نوحہ خواں کوئی نہ ہو

نمبر ۱۱

ثریا

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا
ترے وعدے پر جئے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا
کوئی میرے دل سے پوچھے ترے تیر نیم کش کو
یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا
ہوئے مر کے ہم جو رسوا ۔ ہوئے کیوں نہ غرق دریا
نہ کبھی جنازہ اٹھتا ۔ نہ کہیں مزار ہوتا

ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو مکمل ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ

کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات نیز۔ پرائیویٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط وکتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱۔۱ء محصول ڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر بن جاؤ

آجکل معمولی درزی کا کام جاننے والا بھی بیٹھے بٹھائے روزانہ کما لیتا ہے ہماری کتاب کٹائی سلائی شکشا کی مدد سے تو آپ ہر طرح کے نئے نئے فیشنوں کے زنانہ مردانہ اور بچوں کے کپڑے کاٹ اور سی سکتے ہیں۔ اور پورے ٹیلر ماسٹر بن سکتے ہیں۔ اس کتاب کی مدد سے کوٹ پتلون قمیض۔ شلوار۔ پاجامہ۔ غرارہ۔ بالغرض جمپر۔ بنیان۔ شرٹ وغیرہ وغیرہ غرضیکہ زمانہ حال کے ہر طرح کے کپڑوں کی کٹائی اور سلائی کا پورا پورا بیان تصویروں سے سمجھایا گیا ہے۔ اس کتاب میں ۱۶۸ صفحے ہیں۔ اور تقریباً یک صد تصویریں ہیں۔ جن کی مدد سے ایک معمولی پڑھی لکھی عورت و مرد ایک کامیاب ٹیلر ماسٹر بن سکتے ہیں۔

قیمت صرف ۱/۸ محصول ڈاک معاف

ملنے کا پتہ:۔ رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

جواہرات کا ڈھیر
جسمیں اچار چٹنی مربے شربت عرق گلقند چورن چوہن خمیرہ پیپٹ ادویہ کے نسخے اور مٹھائیاں بنانیکے گر۔ ہزار ہا روپے کے قیمتی جار جوہرے کوڑیوں سے اثر فیاں پیدا کرنیوالے راز تحریر کر دئیے گئے ہیں۔ ایک کتاب منگا کر ضرور فائدہ اٹھائیے

قیمت صرف ۸/ ا محصول ڈاک معاف

فلمی ہارمونیم گائیڈ
موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کا پسند کرتے ہیں فلمی دوسری چیز کو نہیں۔ اور یہی فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اس لئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۸/ ا محصول ڈاک معاف

کمپونڈر گائیڈ
کمپونڈر کے فرائض مرض کی تشخیص نسخہ دوا بنانے کی ترکیب و ہدایات۔ انگریزی ہملنے مختلف انگریزی ادویات کے اصلی نسخے غرض یہ کتاب مکمل رہنمائے کمپونڈران ہے

قیمت مکمل تین حصے صرف ۱/۔ ا محصول ڈاک معاف

مکمل مرغی خانہ
دیہاتوں یا شہروں میں مرغی خانہ کھولکر مرغیوں و انڈوں سے سینکڑوں روپیہ کمانے کے راز مرغیوں کی پرورش کرنا۔ انڈوں سے بچے نکالنا۔ مرغیوں کے امراض اور ان کا علاج اور اس کام سے دولت کمانے کے ڈھنگ۔

قیمت مکمل تین حصے صرف ۱/۔ ۲ محصول ڈاک معاف

ملنے کا پتہ: سر تن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

کمال پرنٹنگ پریس دہلی